مشتبہ بدسلوکی کے شکار بچے کے تحفظ پر کثیر شعبہ جاتی کیس کانفرنس -- بچوںاور نوعمر افراد کے لیے یادداشتیں

تمام بچے مناسب جسمانی، نفسیاتی اور جذباتی نگہداشت کے ساتھ صحت بخش طریقے سے نشوونما پانے کے حقدار ہیں- انہیں نقصان اور استحصال سے بچایا جانا چاہئے- تاہم، اگر بچہ کی جسمانی/ نفسیاتی صحت اور نشوونما کو خطرہ لاحق ہوتا ہے یا ناقص ہوجاتا ہے، تو بچہ کے رابطہ میں آسکنے والے تمام عملہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ مرتکب کی شناخت سے قطع نظر بچہ کی سلامتی کی حفاظت اور اس کے بہترین مفادات کے تحفظ کے لیے ضروری کارروائی کرے-

مشتبہ بدسلوکی کے شکار بچے کے تحفظ پر کثیر شعبہ جاتی کیس کانفرنس کیا ہے

جب اس بات کا شبہہ ہو کہ بچہ/بچی کو نقصان پہنچایا گیا ہے، تو سوشل ورکرز، اساتذہ، ڈاکٹرز یا پولیس وغیرہ بچہ/بچی اور اس کے کنبہ سے ملیں گے- وہ لوگ کنبہ کی صورتحال کو سمجھنے کی خاطر ان لوگوں سے بھی ملاقات کریں گے جنہیں بچہ/بچی اور کنبہ کے بارے میں علم ہے- کبھی کبھار، ڈاکٹر کے ذریعہ بچہ/بچی کے جسم کی جانچ بھی کی جائے گی-

پھر، یہ عملہ کثیر شعبہ جاتی کیس کانفرنس منعقد کریں گے- کانفرنس کا مقصد اس بارے میں بات چیت کرنا **نہیں** ہے کہ آیا کسی پر قانونی کارروائی کی جانی ہے، بلکہ یہ بچہ/بچی کے بارے میں فکر کرنے والے پیشہ ور افراد کو دستیاب معلومات کا تبادلہ کرنے اور اس بارے میں بات چیت کرنے کی اجازت دیتا ہے کہ بچہ/بچی کو مزید نقصان کے بغیر کس طرح سے محفوظ ماحول میں رہنے میں مدد کی جائے- وہ اس بارے میں بھی بات کریں گے کہ مشکلات سے ابرنےمیں ان کے کنبہ کی کیسے مدد کی جائے تاکہ وہ بعد میں بچہ/بچی کو مناسب نگہداشت اور رہنمائی فراہم کرسکے- کانفرنس میں ہوئی بات چیت کی تمام تفصیلات راز میں رکھی جائیں گی اور جاننے کی ضرورت کے بغیر کسی سے اس کا افشاء نہیں کیا جائے گا-

کانفرنس کیسے منعقد کی جائے گی؟

کانفرنس میں شرکت کرنے والے پیشہ ور افراد حاصل شدہ معلومات کے ساتھ ساتھبچہ اور کنبہ کے بارے میں اپنی معلومات کی اطلاع دیں گے، اور پھر درج ذیل پر بات چیت کریں گے:

- بچہ کے ساتھ کون سا مسئلہ (مسائل) یا واقعہ (واقعات) رونما ہوئے؟
- مستقبل میں بچہ اور اس کے سگے بھائی بہنوں کو کون سے نقصان کا خطرہ لاحق ہے؟
- بچے کی سلامتی کی حفاظت اور اس کے بہتر مفادات کے تحفظ کے لیے کون سے انتظامات کیے جا

سکتے ہیں؟ مثال کے طور پر:

- ➢ بچہ اور کنبہ کے دوسرے ممبران کے لیے متبادل رہائش یا نگہداشت کے انتظامات کا موجود ہونا ضروری ہے؟
- ➢ کیا بچہ/بچی اور اس کے سگے بھائیوں بہنوں کی نگہداشت یا تحفظ کے انتظامات کے لیے عدالت سے فرمان حاصل کرنے کی درخواست دینا ضروری ہے؟
- ➢ کیا بچہ/بچی اور خاندان کے دوسرے ممبران کو دوسری خدمات درکار ہے، جیسے کہ اسکولی انتظامات، جسمانی اور نفسیاتی معالجے، وغیرہ؟

- کیا بچہ /بچی اور اس کے سگے بھائیوں بہنوں کے بارے میں سوشل ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کے چائلڈ پروٹیکشن رجسٹری میں معلومات درج کی جائے گی؟
- کون سے سروس یونٹ (یونٹس) اور دوسرے پیشہ ور افراد بچہ/بچی اور اس کے کنبہ کو خدمات فراہم کریں گے؟

کیا والدین یا بچہ/بچی اس کانفرنس میں شرکت کریں گے؟

سوشل ورکر عام طور پر والدین کو بچہ /بچی اور کنبہ کے بارے میں چیزوں پر بات کرنے کے لیے کانفرنس میں شرکت کرنے کے لیے مدعو کرتے ہیں- لیکن کبھی کبھار کسی خصوصی وجوہات کے سبب ایسا کرنا موزوں نہیں ہوتا ہے-

اگر ضرورت ہو، سوشل ورکر بڑی عمر کے بچہ/بچی کو کانفرنس میں شرکت کے لیے مدعو کریں گے- تاہم، چھوٹی عمر کے بچوں کو عام طور پر مدعو نہیں کیا جاتا ہے کیونکہ انہیں یہ سمجھ نہیں آتا ہے کہ کس چیز پر بات ہونے والی ہے-

خواہ والدین یا بچہ کانفرنس میں شرکت کرے یا نہ کرے، سوشل ورکر کانفرنس سے قبل ان کے ساتھ بچہ اور خاندان کے مستقبل کے انتظامات کے بارے میں بات کریں گے، مثال کے طور پر، بچہ کہاں رہے گا، بچہ کی دیکھ بھال کون کرے گا، آیا انہیں دوسرے لوگوں کے مدد کی ضرورت ہے، وغیرہ- سوشل ورکر ان کی آراء جانیں گے اور اس بات کو کانفرنس میں رکھیں گے تاکہ دوسرے لوگ اس بارے میں جانیں اور اس پر غور کریں-

اگر والدین یا بچہ کانفرنس میں شرکت نہیں کرتے ہیں، تو کانفرنس کے بعد، سوشل ورکر والدین کو کانفرنس کے فیصلے اور آراء کی وضاحت کریں گے- وہ ضروری ہونے پر بچے کو بھی اس طریقہ سے اس کی وضاحت کریں گے جسے وہ سمجھ سکے- اگر بچے کے پاس کچھ سوالات یا تشویشات ہیں، تو وہ سوشل ورکر کو کسی بھی وقت بتاسکتے ہیں اور ان کے ساتھ اس بارے میں بات کرسکتے ہیں کہ کس

طرح اس سے نمٹا جائے-

بچے اس میں اپنا کردار کیسے ادا کرسکتے ہیں اگر وہ کانفرس میں حصہ لیتے ہیں؟

کانفرنس سے پہلے، صدر نشیں یا سوشل ورکر بچے کو کانفرنس کے مقصد، شرکت کرنے والے ممبران اور کانفرنس کے طریقہ کار، وغیرہ کی واضح طور پر وضاحت کریں گے-کانفرنس کے دوران ، بچہ / بچی اپنے خاندان کے پس منظر کی اضافی معلومات فراہم کر سکتا/سکتی ہے اور ممبران کے ذریعہ تجویز کردہ نگہداشت کے منصوبہ یا دوسرے انتظامات کے بارے میں رائے کا اظہار کر سکتا/سکتی ہے-بچے صدر نشیں یا ممبران سے کسی بھی ایسی چیز کی وضاحت طلب کرسکتے ہیں جو ان کی سمجھ میں نہ آیا ہو-

کانفرنس کے بعد کیا انتظامات ہیں؟

کانفرنس یہ تعین کرے گی کہ کون سے سروس یونٹ کا سوشل ورکر کیس کا فالواپ کرے گا- ذمہ دار سوشل ورکر اور دیگر پیشہ ور افراد بچہ / بچی اور ان کے خاندان سے ملیں گے اوربات چیت کریں گے، اور کانفرنس میں تجویز کردہ نگہداشت کے منصوبہ اور دیگر انتظامات کو نافذ کریں گے- بچہ / بچی ان سے اپنی نظریات، صورتحال یا یہاں تک کہ ان مسائل کو حل کرنے کے طریقے کے بارے میں تشویشات کے بارے میں بھی بتا سکتا/ سکتی ہے-